© rasailojaraid.com



## سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنة القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس ٥

## حضرت مولانا عبدالرحمن مٹیاری حیدر آبادی وفات پا گئے

جماعتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی افسوس کے ساتھ پڑھی اور سنی گئی کہ جماعت کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا عبدالرحمٰن ٹیاری حیدرآباد سندھ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم مسلک اہل حدیث کے شیدائی تھے۔ دعوت اہل حدیث کے لیے ہمیشہ متحرک اور کوشاں رہے۔ پیر سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ کی کتب کی اشاعت میں بڑے فعال تھے۔ انتہائی متدین متقی، پرہیزگار اور شب زندہ دار تھے۔ مرحوم کی مسلکی خدمت اور جماعتی وابستگی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے جنازہ میں سندھ کے اطراف واکناف سے کثیر تعداد میں علماء وطلباء اور جماعتی احباب نے شرکت کی۔ مرحوم کی نماز جنازہ حیدر آباد میں ادا کی گئی۔ اور وہی انہیں دفن کیا گیا۔

## شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری حفظہ اللہ کو صدمہ

بتاریخ 27 جنوری 2013ء کو حاجی محمد امین مغل گوندلوی وفات پا گئے۔ مرحوم جماعت کے بزرگ عالم دین استاذ العلماء شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری رئیس ادارہ علوم اثریہ گوجرانوالہ کے سمدھی تھے۔ حاجی صاحب مرحوم نے اپنے بھائیوں کے ساتھ مل کر گوندلانوالہ میں بہت زیادہ مسلکی اور جماعتی کام کیا اور جماعت ومسلک کی اشاعت ومضبوطی کا باعث ہوئے بڑے متقی پرہیزگار تھے خیر کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# مولانا عبدالمالک بھنڈر کے والد محترم وفات پا گئے

مولانا عبدالمالک بھنڈر فاضل جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ اور مدرس جامعہ اسلامیہ سلفیہ ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ کے والد محترم حاجی عبدالرحمٰن بھنڈر صاحب مختصر علالت کے بعد لاہور کے ہسپتال میں وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحوم اپنے علاقے نوشہرہ ورکاں کی معروف مذہبی شخصیت تھے۔مسلک کی ترویج و اشاعت میں گہری دلچسپی لیتے۔اپنے بیٹے کو بڑے پیار سے دینی تعلیم دلائی۔مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حافظ عبدالسلام بھٹوی حفظہ اللہ نے 27 جنوری 2013ء کو پڑھائی جس میں علماء وطلباء اور جماعتی احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اور انہیں ان کے گاؤں ماڑی بھنڈراں تحصیل نوشہرہ ورکاں میں دفن کیا گیا۔

**ادارہ جامعہ سلفیہ** مرحومین کے لیے بخشش کی دعا کرتے ہوئے پسماندگان خصوصاً شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری حفظہ اللہ اور مولانا عبدالمالک بھنڈر حفظہ اللہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔آمین

# درخواست دعائے صحت

جماعت کے بزرگ عالم دین شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف راجووالوی، مؤرخ اہل حدیث مولانا محمد اسحٰق بھٹی، معروف عالم دین قاری عبدالوکیل صدیقی آف خان پور، مولانا عبدالعزیز راشد فیصل آبادی بیمار ہیں شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری حفظہ اللہ کا گذشتہ دنوں آپریشن ہوا ہے۔نیز جماعت کے معروف مضمون نگار مولانا محمد رمضان یوسف سلفی ایک حادثہ میں زخمی ہو گئے ہیں۔قارئین سے پرزور اپیل ہے کہ تمام علماء کرام کے لیے خصوصی دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں صحت و عافیت سے نوازے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دین اسلام کی خدمت کر سکیں۔آمین (ادارہ)

© rasailojaraid.com